آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

ٹیچنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز ہفتہ 21 نومبر 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 226

خیبر پختونخوا میں امن واستحکام برقرار رکھنے کیلئے پرعزم ہیں، فیلڈ مارشل

سکیورٹی فورسز، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ قریبی رابطے اور ہم آہنگی کے ذریعے دہشت گردی کے ناسور کا فیصلہ کن خاتمہ کرنے اور خیبر پختونخوا میں بڑی جدوجہد کے بعد حاصل ہونے والے امن واستحکام کو برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہیں

چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے میران شاہ، شمالی وزیرستان کا دورہ کیا، یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور پاک فوج کے شہدا کی عظیم قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا



راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں بڑی جدوجہد کے بعد حاصل ہونے والے امن واستحکام کو برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے میران شاہ، شمالی وزیرستان کا دورہ کیا، یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چھوٹے صوبے یا بادشاہتیں اور ان پر ایک شہنشاہ، ایسے ملک نہیں چلے گا: سعدر رفیق

اس گلے سڑے بدبودار نظام حکمرانی کو محض چھوٹے صوبے بنا کر درست کرنے کی سوچ ناقابل فہم ہے

لاہور (سی ایم لنکس) سابق وفاقی وزیر اور مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ سیاسی سلطنتیں ختم ہونی چاہئیں مگر ایسا نہ ہو کہ چھوٹی بادشاہتیں قائم کر دی جائیں اور ان پر شہنشاہ ایک ہی رہے، ایسے ملک چلے گا نہ آگے بڑھے گا،

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



احمد پور شرقیہ: رورل میڈیا نیٹ ورک پاکستان کے زیر اہتمام پنجاب کالج میں ایک روزہ جرنلزم ٹریننگ ورکشاپ کا منظر، کنسلٹنٹ جے اے پی نذیر خالد اور بانی احسان احمد سحر ریسورس پرسنز کے طور پر محمد سلیمان فاروقی کے ہمراہ سٹیج پر موجود ہیں جبکہ احمد پور یونین آف جرنلسٹس ورکرز احمد پور شرقیہ کے اراکین انکے دائیں اور بائیں جانب اپنی نشستوں پر نظر آ رہے ہیں

محمد علی درانی اور مخدوم سید ناصر حسین بخاری کی چوہدری شجاعت حسین سے اہم ملاقات

ملک میں نئے صوبوں کے قیام، بالخصوص بہاولپور صوبے کی بحالی اور خطے کے عوام کے دیرینہ آئینی وانتظامی حقوق کے معاملے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا



اوچ شریف (کرائم رپورٹر) بہاولپور صوبے کے قیام کا دیرینہ مطالبہ ایک مرتبہ پھر قومی سیاسی منظرنامے پر اجاگر ہونے لگا۔ سابق وزیراعظم پاکستان وصدر مسلم لیگ (ق) چوہدری شجاعت حسین سے سینئر سیاستدان محمد علی درانی نے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چیئرمین سینیٹ کی بنکاک میں تھائی لینڈ کی سینیٹ کے صدر سے ملاقات

دوطرفہ تعلقات، تجارت، سرمایہ کاری اور پارلیمانی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی بنکاک میں تھائی لینڈ کی سینیٹ کے صدر سے ملاقات،

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مدارس وجدید تعلیمی نظام میں ہم آہنگی وقت کی اہم ضرورت ہے

وفاقی وزیر برائے ترقی ومنصوبہ بندی احسن اقبال

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے ترقی ومنصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ دینی اور جدید تعلیم کی خلیج ختم کر کے اسلامی اقدار کے ساتھ جدید سائنس وتحقیق پر مبنی جامع نظام بنایا جائے۔ جمعیت طلبہ عربیہ کی کانفرنس سے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان سٹاک مارکیٹ میں کاروبار کے آغاز پر مثبت رجحان

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان سٹاک ایکسچینج میں ٹریڈنگ کا آغاز گرین زون سے

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور یونین آف جرنلسٹس ورکرز کے اراکین کیلئے صحافتی مہارتوں کی ایک روزہ تربیتی ورکشاپ

نذیر خالد اور احسان احمد سحر نے ڈیجیٹل صحافت، صحافیوں کی حفاظت، فیکٹ چیکنگ اور پریس کانفرنس کی کوریج کے جدید طریقوں پر تربیت دی، 16 شرکا میں اسناد تقسیم

احمد پور شرقیہ (خصوصی رپورٹ) رورل میڈیا نیٹ ورک پاکستان کے زیر اہتمام اور جرنلسٹس الائنس پاکستان کے اشتراک سے احمد پور یونین آف جرنلسٹس ورکرز (اے یو جے ورکرز) کے اراکین کے لیے پنجاب کالج احمد پور شرقیہ کے لائبریری ہال میں صحافتی مہارتوں کے فروغ کے حوالے سے ایک روزہ تربیتی ورکشاپ منعقد ہوئی۔ ورکشاپ میں جرنلسٹس الائنس پاکستان کے کنسلٹنٹ اور حکومت پنجاب کے محکمہ تعلقات عامہ کے سابق سینئر ڈائریکٹر نذیر خالد اور رورل میڈیا نیٹ ورک پاکستان کے صدر و بانی جرنلسٹس الائنس پاکستان احسان احمد سحر نے بطور ریسورس پرسنز تربیتی لیکچرز دیے۔ نذیر خالد نے شرکا کو ڈیجیٹل میڈیا کے جدید تقاضوں اور صحافتی تکنیکوں سے آگاہ کرتے ہوئے پریس کانفرنس کی مؤثر کوریج کے مختلف طریقوں پر رہنمائی فراہم کی۔ انہوں نے بدلتے ہوئے میڈیا ماحول میں صحافیوں کے لیے جدید ڈیجیٹل مہارتوں کی اہمیت بھی اجاگر کی۔ احسان احمد سحر نے صحافیوں کی حفاظت، خطرناک اسائنمنٹس کی کوریج اور پریس فریڈم کی خلاف ورزیوں کی نگرانی کے موضوعات پر گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی خطرناک اسائنمنٹ کی کوریج کے لیے مشترکہ رپورٹنگ کا طریقہ اختیار کیا جانا چاہیے تاکہ صحافیوں کی حفاظت کو یقینی بنانے میں مدد مل سکے۔ انہوں نے شرکا کو حقائق کی جانچ پڑتال (فیکٹ چیکنگ) کی اہمیت اور پریس فریڈم کی خلاف ورزیوں کی مؤثر نگرانی کے طریقوں سے بھی آگاہ کیا۔ تربیتی نشست کے دوران احمد پور یونین آف جرنلسٹس ورکرز کے اراکین نے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



جرنلسٹس الائنس پاکستان۔ رورل وٹان پریس کلب جنوبی پنجاب چیپٹر کے چیئرمین اسٹیرنگ کمیٹی محمد سلیمان فاروقی، سیکرٹری کوآرڈینیٹر حمید اللہ خان عزیز، فنانس سیکرٹری ملک راشد محمود چنڑ اور چیئرمین سینٹی کمیشن احمد علی چوہدری جرنلسٹس الائنس پاکستان کے کنسلٹنٹ جناب نذیر خالد سینئر ڈائریکٹر ریٹائرڈ محکمہ تعلقات عامہ حکومت پنجاب کو جرنلسٹس الائنس پاکستان کی جانب سے صحافیوں کی ٹریننگ کے لیے ان کی رضا کارانہ خدمات کے اعتراف میں رورل میڈیا نیٹ ورک پاکستان کی تربیتی ورکشاپ کے اختتام پر انہیں شیلڈ پیش کر رہے ہیں

بچوں کی صحت اور اعلیٰ تعلیم ہماری پہلی ترجیح ہے: مریم نواز شریف

آٹسٹک بچوں کیلئے خصوصی آٹزم سکول قائم کر دیئے، ننھے بچوں کیلئے نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف ارلی ایجوکیشن ہر ضلع میں قائم ہونگے

پنجاب میں بچوں کے تحفظ کیلئے تمام تر اقدامات کئے گئے ہیں، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا ورلڈ چلڈرن ڈے پر پیار اور شفقت بھرا پیغام

لاہور (نامہ نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ میرے پاکستان کا ہر بچہ لختِ جگر ہے، اپنی اولاد کی مانند میرا استقبل، میری ذمہ داری اور اولین ترجیح ہے۔ پنجاب کے ہر بچے کو محبت، دعاؤں اور رحمتوں سے بھرپور سلام پیش کرتی ہوں۔ جہاں بچے محفوظ ہوں وہاں مستقبل روشن ہوتا ہے۔ ورلڈ چلڈرن ڈے پر پیار اور شفقت بھرے اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب حکومت کا ہر قدم بچوں کی بھلائی، حفاظت اور خوشیوں کے لیے ہے۔ بچوں کی صحت اور اعلیٰ تعلیم ہماری پہلی ترجیح ہے۔ چائلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام سے ہزاروں بچوں کی زندگیاں بچا گئیں۔ ٹائپ-ون شوگر کے مریض بچوں کو انسولین پمپس گھر گھر پہنچا رہے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چاہتا ہوں وزیراعظم کے ہاتھ مضبوط کریں، مدت پوری کریں: بلاول بھٹو اور شہباز شریف اپنی 5 سال کی

وزیراعظم صاحب کیا کریں وہ جب بھی کوئی پلان بناتیہیں ان کا کوئی وزیر اپنا ایجنڈا لیآتا ہے، میں چاہتا ہوں کہ وزیراعظم کے ہاتھ مضبوط کریں، چاہتا ہوں وزیراعظم شہباز شریف 5 سال کی مدت مکمل کریں

آپ مولانا فضل الرحمان کو پسند کریں یا نہ کریں وہ اپوزیشن کی نشست پر ہیں، بانی پی ٹی آئی کا یہ شوز اپنی جگہ، ان کی جماعت پارلیمان میں ہے، مل کر اگر مسائل کا سامنا کرتا ہے تو پی ٹی آئی کو انگیج کرنا پڑے گا۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ وزیراعظم کو موقع نہیں دیا گیا کہ وہ عوامی مسائل پر فوکس کریں۔ شہر قائد میں ویٹ سپورٹ پروگرام کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ ایران جنگ کے معاشی اثرات، پاکستان کا ہر شہری جنگ کا بوجھ اٹھا رہا ہے، عوام کو ریلیف دینا پیپلز پارٹی کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران جنگ کے باعث پاکستان سمیت دنیا بھر کے عوام کو مہنگائی اور معاشی مشکلات کا سامنا ہے، جنگ کا معاشی بوجھ پاکستان کا ہر شہری اپنے کندھوں پر اٹھا رہا ہے، معاشی بحران کے باعث ڈیزل اور کھاد کی قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے جبکہ جنگ کے خاتمے تک عوام کی مشکلات مزید بڑھنے کا خدشہ ہے۔ چیئرمین

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



عسکری بینک لمیٹڈ چنی گوٹھ برانچ اپنے کھاتہ داروں اور صارفین کو بہترین بینکاری سہولیات فراہم کر رہی ہے، حسن عسکری شیخ

صوبائی پارلیمانی سیکرٹری کا عسکری بینک چنی گوٹھ کے منیجر مہر عاطف شکور کی میزبانی میں مغل اعظم ریسٹورنٹ لیاقت پور میں منعقدہ تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب



چنی گوٹھ (نامہ نگار) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری پنجاب وایم پی اے حلقہ پی پی 248 حسن عسکری شیخ نے کہا ہے کہ عسکری بینک گوٹھ برانچ اپنے کھاتہ داروں اور صارفین کو بہترین بینکاری سہولیات فراہم کر رہی ہے، جبکہ

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

گزشتہ دو روز میں مختلف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 09 ملزمان گرفتار

گرفتار ملزمان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

بہاول پور (پ ر) بہاولپور پولیس نے گزشتہ دو روز میں مختلف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 09 ملزمان گرفتار کئے، گرفتار ملزمان کے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائیگی، ڈی پی او بہاولپور


موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کے احکامات، جمعۃ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور صوبے کی بحالی عوام کا دیرینہ مطالبہ اور تاریخی حق جسے مزید نظر انداز نہیں کیا جانا چاہیے، عارف عزیز شیخ

بہاولپور صوبہ کی بحالی اور ملک میں نئے صوبوں کے قیام کے لیے تمام سیاسی جماعتیں، پارلیمنٹ اور متعلقہ ادارے سنجیدہ مکالمے کا آغاز کریں سابق رکن قومی اسمبلی



چنی گوٹھ (نامہ نگار) سابق رکن قومی اسمبلی عارف عزیز شیخ نے کہا ہے کہ بہاولپور صوبہ کی بحالی اس خطے کے عوام کا دیرینہ مطالبہ اور تاریخی حق ہے، جسے مزید نظر انداز نہیں کیا جانا چاہیے۔ بہاولپور ایک تاریخی ریاست اور اپنی الگ شناخت، تہذیب وثقافت اور شاندار روایات کا حامل خطہ ہے، جسے ماضی میں صوبائی حیثیت حاصل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہاولپور صوبہ کی بحالی کے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پولیس تھانہ شہر سلطان کی بڑی کارروائی

ڈکیتی شدہ موٹر سائیکل برآمد، چوری اور ڈکیتی کے 14 مقدمات میں ریکارڈ ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

ڈاکو کی شناخت خضر حیات ولد عبدالمجید کے نام سے ہوئی جو کہ چوری اور راہزنی کے 14 مقدمات میں ریکارڈ ہے۔ پولیس نے موٹر سائیکل بھی برآمد کر لیا



اوچ شریف (کرائم رپورٹر) پولیس تھانہ شہر سلطان کی بڑی کاروائی، ڈکیتی شدہ موٹر سائیکل برآمد، چوری اور ڈکیتی کے 14 مقدمات میں ریکارڈ ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار تفصیل کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مظفرگڑھ سید غضنفر علی شاہ کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ شہر سلطان محمد شہزاد کی اپنی ٹیم کے ہمراہ کاروائی۔ ڈکیتی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تھانہ شیدانی شریف کی حدود میں بھینس چوری کی واردات کے دوران فائرنگ 18 سالہ نوجوان جاوید احمد جاں بحق

پولیس نے لاش پوسٹ مارٹم کے لیے آر ایچ سی خان بیلہ منتقل کر دی

ایک ہفتے کے دوران علاقے میں قتل کا یہ دوسرا واقعہ ہے، جس پر شہریوں میں تشویش پائی جاتی ہے



جن پور (نامہ نگار) تھانہ شیدانی شریف کی حدود میں بھینس چوری کی واردات کے دوران مزاحمت پر نامعلوم ملزمان کی فائرنگ سے زخمی ہونے والا 18 سالہ نوجوان جاوید احمد زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گیا۔ ایک ہفتے کے دوران علاقے میں قتل کا یہ دوسرا واقعہ ہے، جس پر شہریوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ تفصیلات کے

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کھلی کچہری کا انعقاد، ڈی پی او بہاولپور نے سائلین کے مسائل سنے

شہریوں نے ڈی پی او بہاولپور کے اس اقدام کو سراہا

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب کی جانب سے شہریوں کے مسائل کے فوری اور میرٹ پر حل کے لیے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ آج منعقدہ کھلی کچہری میں 18 سے زائد

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جن پور کے معروف اخبار فروش چوہدری محمد عارف اور صحافی چوہدری عمر فاروق کے والد چوہدری محمد صدیق انتقال کر گئے

نماز جنازہ میں معززین علاقہ، عزیز واقارب اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں افراد نے شرکت کی



جن پور (نامہ نگار) جن پور کے معروف اخبار فروش چوہدری محمد عارف اور مقامی صحافی چوہدری عمر فاروق کے والد محترم چوہدری محمد صدیق انتقال کر گئے، نماز جنازہ میں سینکڑوں افراد کی شرکت تفصیلات کے مطابق جن پور کے معروف اخبار فروش چوہدری محمد عارف اور مقامی صحافی چوہدری عمر فاروق کے والد محترم چوہدری محمد

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاقی وزیر ریلوے سے میر پور چیمبر آف کامرس کے وفد کی ملاقات

صنعتی مال برداری اور ٹرانسپورٹ سہولیات بہتر بنانے بارے تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس): وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی سے میر پور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے صدر چوہدری کاشف نذیر بجاڑ کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی جس دوران صنعتی سرگرمیوں کے فروغ اور کاروباری شعبے کی ترقی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت ریلوے سے جاری

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حلقہ این اے 77 گوجرانوالہ ضمنی انتخاب میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی

الیکشن کمیشن نے وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ کے خلاف کیس کا فیصلہ محفوظ کر لیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) الیکشن کمیشن پاکستان نے حلقہ این اے 77 گوجرانوالہ میں ضمنی انتخاب کے دوران ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ کے خلاف کیس کا فیصلہ محفوظ کر لیا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے جمعہ کو کیس کی سماعت کی۔ وفاقی وزیر اطلاعات و

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

معاشی ترقی کی باگ ڈور نجی شعبے کو دینا ہوگی: مشیر تجکاری محمد علی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم کے مشیر برائے تجکاری محمد علی نے کہا ہے کہ معاشی ترقی کی باگ ڈور نجی شعبے کو دینا ہوگی، تجکاری اور پبلک

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سعودی عرب کے حقِ دفاع کی حمایت، حوثی ملیشیا کے حملے بند کیے جائیں: پاکستان

سعودی شہریوں اور مقیم افراد کے تحفظ کے لیے مملکت کے اقدامات کی حمایت کرتے ہیں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پاکستان نے سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں کنگ عبداللہ فنانشل ڈسٹرکٹ کو حوثی ملیشیا کی جانب سے نشانہ بنائے جانے کی شدید مذمت کی ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق ریاض میں کنگ عبداللہ فنانشل ڈسٹرکٹ کے ٹاور کو نشانہ بنانا سعودی عرب کی خودمختاری کی سنگین خلاف ورزی ہے، شہری

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

امریکی بینک کے امیر ترین صارفین کا ڈیٹا لیک، ویزا و ماسٹر کارڈ بھی نشانے پر

نیویارک (سی ایم لنکس) ہیکرز نے امریکا کے سب سے بڑے بینکوں میں شمار ہونے والے جے پی مورگن چیس کے ہزاروں صارفین کا ڈیٹا لیک کرنے کا دعویٰ کر دیا۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق متاثرہ صارفین میں بینک کے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

خواجہ غلام فرید آڈیٹوریم، بغداد الجدید کیمپس میں ایک پروقار سیرت النبی ﷺ سیمینار

سعید انور نے اپنے خطاب میں سیرت چیئر کی علمی، فکری اور تربیتی کاوشوں کو سراہا

بہاول پور (پ ر) سیرت چیئر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور کے زیر اہتمام، وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور پروفیسر انجینئر ڈاکٹر محمد کامران کی سرپرستی میں خواجہ غلام فرید آڈیٹوریم، بغداد الجدید کیمپس میں ایک پروقار سیرت النبی ﷺ سیمینار منعقد ہوا۔ سیمینار کا موضوع عہدِ معاشرہ میں تعلق باللہ کی اہمیت تھا، جس میں معروف مذہبی وسماجی شخصیت اور لیجنڈری کرکٹر سعید انور نے بطور مہمانِ مقرر شرکت کی۔ سیرت

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



سیرت چیئر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار سے معروف مذہبی وسماجی شخصیت اور لیجنڈری کرکٹر سعید انور، پروفیسر ڈاکٹر حافظ شیخ شفیق الرحمٰن اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

پی ایس او نے ایل پی جی کی قیمت 509 روپے 86 پیسے روپے کلو مقرر کر دی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پی ایس او نے ایل پی جی کی قیمت 509.86 روپے کلو مقرر کر دی۔ شہر میں 450 روپے کلو فروخت ہونے والی ایل پی جی سرکاری کمپنی کے نرخ کی وجہ سے مزید بڑھنے کا خدشہ ہے، ایل پی جی ڈیلرز نے پی ایس او کی جانب سے ایل پی جی کے بلند ریٹ کے اعلان پر تحفظات کا اظہار کیا۔ اوگرا کی جانب سے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سونے کی قیمت میں آج بھی 15 ہزار روپے سے زائد کی کمی آ گئی

کراچی (سی ایم لنکس) امریکی شرح سود میں اضافے کے اندازوں پر سونے کی قیمت تیزی سے نیچے آ رہی ہے۔ آل پاکستان جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق پاکستان میں فی تولہ سونے کا بھاؤ 15 ہزار 400 روپے کم ہو کر 3 لاکھ

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم کی سری لنکا کے خلاف ٹیسٹ سیریز جیتنے پر قومی کرکٹ ٹیم کو مبارکباد

کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی، محنت اور ٹیم ورک کو سراہا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سری لنکا کے خلاف ٹیسٹ سیریز جیتنے پر قومی کرکٹ ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بچوں کے حقوق کا تحفظ، معیاری تعلیم، صحت اور محفوظ ماحول کی فراہمی مشترکہ ذمہ داری ہے

یہ کسی بھی قوم کا قیمتی سرمایہ اور روشن مستقبل کے ضامن ہیں، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے بچوں کے حقوق کا تحفظ، معیاری تعلیم، صحت اور محفوظ ماحول کی فراہمی سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، بچے کسی بھی قوم کا قیمتی سرمایہ اور روشن مستقبل کے ضامن ہوتے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایک دام

نشاط نیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802– میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی، یامین، زین جی، اپ ٹائم، رواج، کرینٹ، کراؤن، پوری، نارکنز لیڈیز ورائٹی، بن الیاس، ایڈن روب، رنگ رسیہ، ایمان عدیل، علیزے، زل بری، شنائیل، میرین کلاسک، بن وحید، بن سعید، پیری ڈوٹ، موٹفز، شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد..... ہمارا معیار

نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلو کلب

مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی

زارا | نائیک | پولو

فورکڈز | بیس | بینگو

کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل : محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.C.S. | FA(IT)

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787



وہاڑی: ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ لڈن روڈ پر تجرکاری اور گرین بیلٹس کے کام کا معائنہ کر کے ہدایات دے رہے ہیں



وہاڑی: ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ سکولوں کے سروے اور پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔



وہاڑی: ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ گڑھا موڑ میں روڈ کے اطراف سے تجاوزات ہٹانے کی ہدایت دے رہے ہیں

نیوز نمبر 01

چڑھائی اور پاک فوج کے شہدا کی عظیم قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر فیلڈ مارشل کو علاقے کی موجودہ سکیورٹی صورتحال، جاری انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز اور انسداد دہشت گردی کی مسلسل کوششوں کے نتیجے میں حاصل ہونے والی کامیابیوں کو مستحکم کرنے، نیز علاقے میں دیرپا امن و استحکام یقینی بنانے کے لیے کیے جانے والے اقدامات پر جامع بریفنگ دی گئی۔ چیف آف ڈیفنس فورسز نے افسران اور جوانوں سے ملاقات بھی کی اور ان کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں، آپریشنل تیاری اور وطنِ عزیز کے دفاع و سلامتی کے لیے غیر متزلزل عزم کو سراہا۔خیبر پختونخوا پولیس کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے چیف آف ڈیفنس فورسز نے پولیس کو ایک بہادر صفِ اول کا دستہ قرار دیا اور دہشت گردی اور فتنہ الخوارج کے خلاف اس کی ثابت قدمی اور قربانیوں پر فخر کا اظہار کیا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ سکیورٹی فورسز، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ قریبی رابطے اور ہم آہنگی کے ذریعے دہشت گردی کے ناسور کا فیصلہ کن خاتمہ کرنے اور خیبر پختونخوا میں بڑی جدوجہد کے بعد حاصل ہونے والے امن و استحکام کو برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہیں۔قبل ازیں میران شاہ آمد پر کور کمانڈر پشاور نے آرمی چیف سید عاصم منیر کا استقبال کیا۔

نیوز نمبر 02

عجلت سے گریز مناسب ہوگا۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے پیغام میں خواجہ سعد رفیق کا کہنا تھا کہ اس گلے سڑے بدبودار نظام حکمرانی کو محض چھوٹے صوبے بنا کر درست کرنے کی سوچ ناقابل فہم ہے، چھوٹے صوبے بنانا مثبت عمل ہے لیکن پیشگی بنیادی اصلاحات کیے بغیر اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔انہوں نے کہا کہ سب سے پہلے شفاف نمائندہ جمہوریت کے تقاضے پورے کریں، سیاست میں غیر جمہوری مداخلت اور پیسے والوں کی حکمرانی ختم کریں، تعلیم یافتہ مڈل کلاس کیلئے سیاست کرنے کا راستہ بنائیں، سول سروس اور عدالتی ریفارمز کریں۔ان کا کہنا تھا کہ ملک میں جاری شدید سیاسی تناؤ، دہشت گردی، افلاس کی انتہا، مفلوج نظام عدل، متنازع پارلیمنٹ اور غیر سیاسی مداخلت کی موجودگی میں ممکن ہے کہ چھوٹے صوبے بنا لیے جائیں لیکن یہ نظام ناپائیدار ہوگا اور نئی پیچیدگیاں لائے گا۔خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ ہمارا سب سے بڑا مسئلہ بھوک، غربت، ناانصافی، دہشت گردی بنیادی حقوق کی پامالی، سیاسی انتقام اور غیر آئینی عوامل کا خاتمہ ہے، ملک چلانا ہے تو پہلے ان مصائب سے قوم کی جان چھڑائیں، جلد بازی سے کام لے کر چھوٹے صوبے بنانے کا پراگریسو اقدام متنازع نہ بنایا جائے، کیا کوئی فائل کرنے والا یا ہونے والا موجود ہے یا نہیں۔

نیوز نمبر 03

تعلقات، تجارت، سرمایہ کاری اور پارلیمانی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال پاکستان اور تھائی لینڈ کے سفارتی تعلقات کی 75ویں سالگرہ دونوں ممالک کی دیرینہ دوستی اور مضبوط روابط کی عکاس ہے، سید یوسف رضا گیلانی تھائی لینڈ کی سینیٹ کے صدر نے پارلیمانی وفد کے ہمراہ دورہ پاکستان کی دعوت قبول کر لی چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے بنکاک میں تھائی لینڈ کی سینیٹ کے صدر موٹکول سوراساجا (Mongkol Surasajja) سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور تھائی لینڈ کے دوطرفہ تعلقات، پارلیمانی روابط، تجارت، سرمایہ کاری، افرادی قوت اور ثقافتی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔چیئرمین سینیٹ نے ملاقات کا اہتمام کرنے پر اپنے تھائی ہم منصب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ مختصر دورے کے باوجود ان سے ملاقات اور اہم امور پر تبادلہ خیال کے خواہاں تھے سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستان اور تھائی لینڈ کے درمیان دیرینہ، دوستانہ اور قریبی تعلقات قائم ہیں۔ دونوں ممالک رواں سال سفارتی تعلقات کے قیام کی 75ویں سالگرہ منا رہے ہیں، جو دونوں اقوام کے درمیان گہری دوستی اور باہمی اعتماد کا مظہر ہے۔ پاکستان تھائی لینڈ کے ساتھ دوطرفہ اور آسیان (ASEAN) کے تناظر میں تعلقات کو مزید وسعت دینے کا خواہاں ہے۔انہوں نے دونوں ممالک کے تاریخی روابط کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی عوام تھائی لینڈ کے آنجہانی بادشاہ بھومی بول ادولیادیج اور ملکہ مدر سیرکت کے 1962ء کے دورہ پاکستان کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔انہوں نے تھائی ولی عہد مہا وجیرالونگ کورن کے پاکستان کے تین دوروں اور شہزادی مہا چکری سرندھورن کے 2012ء کے دورہ پاکستان کا بھی حوالہ دیا۔چیئرمین سینیٹ نے بتایا کہ وزیراعظم پاکستان نے 20 اکتوبر 2026ء کو تھائی لینڈ کے وزیراعظم انوتن چارنویراکول کو دورہ پاکستان کی دعوت دی ہے اور پاکستان ان کے دورے کا منتظر ہے۔ پارلیمانی تعاون اور سفارت کاری چیئرمین سینیٹ نے پارلیمانی روابط کے فروغ پر زور دیتے ہوئے بتایا کہ سینیٹ آف پاکستان میں تھائی لینڈ۔پاکستان فرینڈشپ گروپ قائم کیا گیا ہے، جبکہ تھائی لینڈ نے بھی دونوں ایوانوں کے آٹھ اراکین پر مشتمل مشترکہ پارلیمانی فرینڈشپ کمیٹی تشکیل دی ہے۔انہوں نے کہا کہ دونوں گروپس کے درمیان باقاعدہ روابط پارلیمانی سفارت کاری اور دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے تھائی لینڈ کے صدر سینیٹ کو پارلیمانی وفد کے ہمراہ پاکستان کے دورے کی دعوت بھی دی۔تجارت، سرمایہ کاری اور افرادی قوت سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستان جنوبی ایشیا میں تھائی لینڈ کا دوسرا بڑا تجارتی شراکت دار ہے۔ مالی سال 2025-26ء میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت کا حجم 1.59 ارب امریکی ڈالر رہا، جس میں پاکستان کی برآمدات 297 ملین ڈالر جبکہ تھائی لینڈ سے درآمدات 1.31 ارب ڈالر تھیں۔انہوں نے کہا کہ سب سے پہلے شفاف نمائندہ جمہوریت کے تقاضے پورے کریں، سیاست میں غیر جمہوری مداخلت اور پیسے والوں کی حکمرانی ختم کریں، تعلیم یافتہ مڈل کلاس کیلئے سیاست کرنے کا راستہ بنائیں، سول سروس اور عدالتی ریفارمز کریں۔ان کا کہنا تھا کہ ملک میں جاری شدید سیاسی تناؤ، دہشت گردی، افلاس کی انتہا، مفلوج نظام عدل، متنازع پارلیمنٹ اور غیر سیاسی مداخلت کی موجودگی میں ممکن ہے کہ چھوٹے صوبے بنا لیے جائیں لیکن یہ نظام ناپائیدار ہوگا اور نئی پیچیدگیاں لائے گا۔خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ ہمارا سب سے بڑا مسئلہ بھوک، غربت، ناانصافی، دہشت گردی بنیادی حقوق کی پامالی، سیاسی انتقام اور غیر آئینی عوامل کا خاتمہ ہے، ملک چلانا ہے تو پہلے ان مصائب سے قوم کی جان چھڑائیں، جلد بازی سے کام لے کر چھوٹے صوبے بنانے کا پراگریسو اقدام متنازع نہ بنایا جائے، کیا کوئی فائل کرنے والا یا ہونے والا موجود ہے یا نہیں۔

نیوز نمبر 04

مخدوم سید ناصر حسین بخاری ایڈووکیٹ کے ہمراہ اہم ملاقات کی، جس میں ملک میں نئے صوبوں کے قیام، بالخصوص بہاولپور صوبے کی بحالی اور خطے کے عوام کے دیرینہ آئینی و انتظامی حقوق کے معاملے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات کے دوران بہاولپور کی تاریخی ریاستی شناخت، سابقہ صوبائی حیثیت، خطے کو درپیش محرومیوں، انتظامی خودمختاری، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے امور زیر بحث آئے۔اس موقع پر اس امر کی ضرورت پر بھی گفتگو کی گئی کہ نئے صوبوں کے قیام کے معاملے کو قومی سیاسی قیادت، پارلیمنٹ اور متعلقہ آئینی فورمز پر سنجیدگی سے زیرِ غور لایا جائے تاکہ عوامی خواہشات اور انتظامی ضروریات کے مطابق قابلِ عمل راستہ اختیار کیا جا سکے۔ بہاولپور صوبے کا مطالبہ کوئی نیا سیاسی نعرہ نہیں بلکہ اس خطے کی تاریخی شناخت اور عوامی حقوق سے جڑا ایک اہم معاملہ ہے۔ بہاولپور ریاست کی منفرد تاریخ، عوام کی قربانیوں اور قیام پاکستان کے وقت کی تاریخی وابستگی کے تناظر میں خطے کے عوام طویل عرصے سے اپنی الگ انتظامی شناخت اور صوبائی حیثیت کے لیے آواز بلند کرتے آ رہے ہیں۔ سیاسی و عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ بہاولپور ڈویژن کے عوام کو ترقیاتی منصوبوں، تعلیم، صحت، روزگار اور بنیادی سہولیات کے حوالے سے درپیش مسائل کے مستقل حل کے لیے اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی اور مؤثر انتظامی ڈھانچے کی ضرورت ہے۔ ان کے مطابق خطے کے وسائل پر مقامی ضروریات کو ترجیح دینا اور ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنا وقت کا اہم تقاضا ہے۔ محمد علی درانی کی چوہدری شجاعت حسین سے ملاقات کو اسی تناظر میں اہم سیاسی پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے، جس کے ذریعے بہاولپور صوبے کے دیرینہ مطالبے کو دوبارہ قومی سیاسی قیادت کے سامنے اجاگر کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ مخدوم سید ناصر حسین بخاری ایڈووکیٹ کی اس ملاقات میں شرکت بھی بہاولپور کے عوامی و آئینی مطالبے کے حوالے سے اہمیت کی حامل ہے۔اب ضرورت اس امر کی ہے کہ بہاولپور صوبے کے قیام کا معاملہ محض سیاسی بیانات، وعدوں اور انتخابی نعروں تک محدود نہ رہے بلکہ تمام سیاسی جماعتیں اس اہم قومی و علاقائی مسئلے پر واضح مؤقف اختیار کرتے ہوئے پارلیمانی اور آئینی سطح پر سنجیدہ پیش رفت کریں۔ بہاولپور کے عوام کی نظریں سیاسی قیادت پر مرکوز ہیں کہ وہ خطے کی تاریخی شناخت، عوامی حقوق اور ترقی کے دیرینہ مطالبے کو عملی شکل دینے کے لیے کب ٹھوس اقدامات کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ان شا اللہ بہاولپور صوبہ تاریخی شناخت کی بحالی، عوامی حقوق کے تحفظ اور محرومیوں کے خاتمے کی جدوجہد جاری رہے گی۔

نیوز نمبر 05

خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر احسن اقبال کا کہنا تھا کہ اسلام میں دینی و دنیاوی علم میں تفریق نہیں اور قرآن غور و فکر و تحقیق کی دعوت دیتا ہے۔انہوں نے یقین دلایا کہ مدارس کے طلبہ کے اعلیٰ تعلیم، اسناد اور انگریزی امتحان سے متعلق تحفظات متعلقہ حکام کے سامنے اٹھائے جائیں گے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا کہ خواتین کو بااختیار بنانے، پانی کے تحفظ اور بین المذاہب ہم آہنگی کے لئے نو سیرت چیئرز قائم کی گئی ہیں۔

نیوز نمبر 06

ہیں۔آٹسٹک بچوں کے لیے پاکستان میں خصوصی آٹزم سکول قائم کر دیئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ننھے بچوں کے لئے نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف ارلی ایجوکیشن ہر ضلع میں قائم ہونگے۔ ورچوئل سینٹر فار چائلڈ سیفٹی پروگرام بچوں کی گمشدگی، استحصال اور خطرات کے کیسز جدید ترین نظام کے تحت حل کر رہا ہے۔ چائلڈ لیبر کے انسداد کے لئے سخت کریک ڈاون جاری ہے۔ بچوں کے خلاف تشدد اور بھیانک جرائم کا خاتمہ یقینی بنایا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مزید کہا کہ پنجاب میں بچوں کے تحفظ کیلئے تمام تر اقدامات کئے گئے ہیں۔ غذائی قلت کے شکار بچوں کیلئے جنوبی پنجاب میں سکول میل پروگرام شروع کیا تا کہ بھوک تعلیم کی راہ میں حائل نہ ہو۔ سرکاری سکولوں کے بچوں کے سکول میں تمام ضروری سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ خصوصی بچوں کو مصنوعی اعضا، ہیرنگ ایڈز اور ویل چیئرز فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بچہ محروم، لاچار یا نظر انداز دکھائی دے تو نیند نہیں آتی۔ جب تک ہر بچے کی آنکھ میں خوبصورت مستقبل کی چمک نہیں آتی جدوجہد مکمل نہیں ہوگی۔ پنجاب کا ہر بچہ پڑھے گا، صحت مند ہوگا، مسکرائے گا ماں اپنے بچوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑتی۔

نیوز نمبر 07

ہوا۔کاروباری ہفتے کے پانچویں اور آخری روز کاروبار کے آغاز میں سٹاک مارکیٹ میں تیزی دیکھی گئی، ہنڈرڈ انڈیکس 300 سے زائد پوائنٹس بڑھ کر 1 لاکھ 77 ہزار 139 کی سطح پر پہنچ گیا ہے۔یاد رہے کہ گزشتہ روز کاروبار کے اختتام میں ٹریڈنگ کے دوران سٹاک مارکیٹ میں کاروبار کا ثبت رجحان برقرار رہا جس کے باعث ہنڈرڈ انڈیکس 477 پوائنٹس اضافے کیساتھ ایک لاکھ 76 ہزار 772 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا تھا۔

نیوز نمبر 08

مختلف صحافتی امور کے حوالے سے سوالات کیے جن کے نذیر خالد اور احسان احمد سحر نے تفصیلی جوابات دیے۔ مقامی معروف یوٹیوبر اور ٹک ٹاکر طارق رشید ملک نے بھی احسان احمد سحر کی دعوت پر تربیتی نشست میں شرکت کی۔ ورکشاپ کے اختتام پر جرنلسٹس الائنس پاکستان کے کنسلٹنٹ نذیر خالد نے 16 شرکا میں تربیتی اسناد تقسیم کیں۔ اس موقع پر جرنلسٹس الائنس پاکستان کے بانی احسان احمد سحر اور کنسلٹنٹ نذیر خالد نے جرنلسٹس الائنس پاکستان، رورل اینڈ ٹان پریس کلبز ساتھ پنجاب چیپٹر کی اسٹیئرنگ کمیٹی کے چیئرمین محمد سلیمان فاروقی کو بھی سند پیش کی۔اس موقع پر جرنلسٹس الائنس پاکستان، رورل اینڈ ٹان پریس کلبز ساتھ پنجاب چیپٹر کے چار رہنماں محمد سلیمان فاروقی، حمید اللہ خان عزیز، احمد علی چوہدری اور ملک رشاد محمود چنڑ نے صحافیوں کی تربیت اور پیشہ ورانہ استعداد کار میں اضافے کے لیے رضا کارانہ خدمات انجام دینے پر نذیر خالد کو مشترکہ طور پر یادگاری شیلڈ پیش کی۔تقریب میں احمد پور یونین آف جرنلسٹس ورکرز کے نائب صدر محمد یوسف غنی قریشی کی دل کے دورے کے بعد ہسپتال میں زیر علاج ہونے کے باعث ان کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی گئی، جبکہ یونین کے مرحوم صدر سید سرفراز حسین زیدی کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی بھی کی گئی۔ تربیتی ورکشاپ میں شرکت کرنے والے صحافیوں میں محمد سلیمان فاروقی، حمید اللہ خان عزیز، مس انیسہ کنول، اویس اکبر زیدی، طارق رشید ملک، جمیل محمود، احمد علی چوہدری، ملک رشاد محمود چنڑ، خادم حسین، ابوبکر بھٹی، شاہ ولی خان، محمد عابد، شبیر احمد قریشی، محمد سجاد، زبیر فاروقی اور راشد کریم شامل تھے۔

نیوز نمبر 09

اب تک امن کا کوئی معاہدہ نظر نہیں آ رہا اور پوری دنیا میں حکومتوں کی توجہ عوام کو معاشی ریلیف فراہم کرنے پر مرکوز ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ افسوس ہے کہ پاکستان میں عوامی مسائل پر توجہ دینے کی روایت ختم ہوتی جا رہی ہے، تاہم پیپلز پارٹی کا آج بھی فوکس محدود وسائل میں عوام کی مدد اور انہیں ریلیف فراہم کرنا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کو احساس ہے کہ ملک میں معاشی بحران، مہنگائی اور بے روزگاری کے مسائل موجود ہیں، بے نظیر ہاری کارڈ کاشت کاروں اور چھوٹے زمینداروں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے بنایا گیا ہے۔چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی نے کہا کہ چھوٹے کاشت کار زرعی شعبے کا 90 فیصد حصہ رکھتے ہیں اور پیپلز پارٹی نے ہمیشہ ان کی مدد کی ہے۔موجودہ حالات میں کھاد کا حصول مزید مشکل ہوسکتا ہے، اسی لیے کاشت کاروں کو فی ایکڑ چار ہزار روپے مالی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ بلاول بھٹو کا کہنا تھا کہ نے سندھ حکومت کی جانب سے تھرپارکر اور عمرکوٹ کو آفت زدہ قرار دینے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ متاثرہ خاندانوں کو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت آٹھ ہزار روپے فراہم کرنے کا اقدام بھی قابل تحسین ہے۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کا ہمیشہ یہی طریقہ رہا ہے کہ معاشی بحران کے دوران عوام کا ساتھ دیا جائے اور انہیں مشکلات سے نکالنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی نے کہا کہ سندھ میں عالمی معیار کے صحت کے ادارے قائم کیے گئے ہیں، دنیا بھر میں مہنگا ترین علاج سندھ میں مفت فراہم کیا جاتا ہے، تمام سیاسی جماعتوں کو پیپلز پارٹی کے منشور کو اپنانا چاہیے تا کہ عوامی فلاح اور ریلیف کے اقدامات کو ترجیح دی جا سکے۔ بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ زیراعظم صاحب کیا کریں وہ جب بھی کوئی پلان بناتے ہیں ان کا کوئی وزیر اپنا ایجنڈا لیا آتا ہے، میں چاہتا ہوں کہ وزیراعظم کے ہاتھ مضبوط کریں، چاہتا ہوں وزیراعظم شہباز شریف 5 سال کی مدت مکمل کریں۔انہوں نے کہا کہ آپ مولانا فضل الرحمان کو پسند کریں یا نہ کریں وہ اپوزیشن کی نشست پر ہیں، باپی پی نے آئی کیا ایشوز اپنی جگہ، ان کی جماعت پارلیمان میں ہے، مل کر اگر مسائل کا سامنا کرتا ہے تو پی ٹی آئی کو اکیچ کرنا پڑے گا۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی کا کہنا تھا کہ اگر میری نظر میں ملکی مفاد اہم نہ ہوتا تو میں بھی کہتا رگڑا دیتے رہو، جب تک ہم معاشی بحران سے نکلتے نہیں، تب تک کوئی اور ایجنڈا نہیں ہونا چاہیے۔

نیوز نمبر 10

شہریوں نے شرکت کر کے اپنے مسائل براہ راست ڈی پی او بہاولپور کے سامنے پیش کیے۔تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے تمام سائلین کے مسائل فردا فردا تفصیل سے سنے اور متعلقہ افسران کو بذریعہ فون فوری قانونی کارروائی اور بروقت واپسی رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او بہاولپور نے مختلف درخواستوں پر انکوائریوں کے احکامات جاری کرتے ہوئے ریکوری کے مقدمات میں متعلقہ تفتیشی افسران کو ہدایت دی کہ جلد ازا جلد ریکوری مکمل کر کے مال مسروقہ مدعیان کے حوالے کیا جائے اور اس ضمن میں رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ غفلت یا تاخیر کے مرتکب افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔اس موقع پر ڈی پی او رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام و پولیس کے درمیان اعتماد کے رشتے کو مزید مضبوط بنانا ہے۔شہریوں نے ڈی پی او بہاولپور کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ مسائل کے فوری حل کے لیے پولیس افسران تک براہ راست رسائی ایک خوش آئند اور مثبت قدم ہے۔

نیوز نمبر 11

قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔سماج دشمن عناصر کسی رعائت کے مستحق نہیں، ڈی پی او تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر بہاولپور، ڈیرہ نواب اور تھانہ اوچشریف پولیس نے شراب فروشی کے مرتکب 04 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 95 لیٹر شراب برآمد کر لی۔اسی طرح تھانہ کینٹ، عباس نگر اور تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس نے منشیات فروشی کے مرتکب 03 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 200 گرام کرسٹل آئس اور 510 گرام چرس برآمد کر لی۔ جبکہ تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے کے مرتکب 02 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لئے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے مزید انٹیروگیشن شروع کر دی گئی۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب نے کہا کہ معاشرے کو منشیات اور دیگر سماجی برائیوں سے پاک کرنا بہاولپور پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشی میں ملوث افراد کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور قانون شکنی کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

نیوز نمبر 12

سکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت، سکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ڈی پی او رانا عبدالوہاب تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن پر امن پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او رانا عبدالوہاب کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعۃ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔سکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔ موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او عبدالوہاب نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے، شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صورتحال کے پیش نظر شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شر پسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے۔سکیورٹی فرائض میں غفلت و لاپرواہی بلکل برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

نیوز نمبر 13

بینک کی جانب سے زمینداروں اور کاشتکاروں کو کم مارک اپ پر زرعی قرضوں کی فراہمی ایک قابل تحسین اقدام ہے۔کاشتکاروں کو چاہیے کہ وہ زرعی قرضہ اسکیم سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور اپنی زرعی ضروریات پوری کرنے کے لیے اس سہولت سے استفادہ کریں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے عسکری بینک لمیٹڈ چنی گوٹھ برانچ کے منیجر مہر عاطف شکور کی میزبانی میں منعقد الوداعی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ زراعت ملکی معیشت میں بنیادی اہمیت رکھتی ہے اور کسانوں کو مالی معاونت فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔عسکری بینک کی جانب سے کاشتکاروں کے لیے آسان شرائط پر زرعی قرضوں کی فراہمی سے انہیں اپنی فصلوں کی بہتر پیداوار اور زرعی ضروریات پوری کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔تقریب میں عسکری بینک ملتان کے ریجنل جنرل منیجر رانا ندیم یونس، ایریا منیجر بہاولپور آصف اقبال نے خصوصی شرکت کی، جبکہ محمد وسیم ٹیم لیڈر ایگریکلچر عسکری بینک نے کاشتکاروں کو زرعی قرضہ اسکیم، اس کے طریقہ کار اور دستیاب سہولیات کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی۔اس موقع پر عسکری بینک کی انتظامیہ کی جانب سے صوبائی پارلیمانی سیکرٹری حسن عسکری شیخ اور معزز کاشتکاروں کے اعزاز میں پُرتکلف ظہرانے کا بھی اہتمام کیا گیا۔تقریب میں مہر ظفر محمود، چوہدری دل احمد سندھو، چوہدری صلاح الدین کھرل، قاضی محمد عارف، رئیس ارشاد احمد، چوہدری عبدالغفار، چوہدری محمد خان لاہوری، مہر سارنگ، ملک جاوید کلیار، چوہدری ظفر اقبال، چوہدری محمد ارشاد، چوہدری تنویر اسلم، مہر فوجی ناصر، مہر سینٹھ سلیم، ملک آصف منیر، جام سلطان، جام ناصر جام سراج، جام شاہ محمد آف تربٹہ مہر پناہ سمیت علاقے کی دیگر سیاسی و سماجی شخصیات اور درجنوں کاشتکاروں نے شرکت کی۔

نیوز نمبر 14

لائن رجسٹریشن کے لیے پاک فوج کی آفیشل ویب سائٹ www.joinpakarmy.gov.pk سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات اور رجسٹریشن کے لیے آرمی سلیکشن اینڈ ریکروٹمنٹ آفس اوکاڑہ کینٹ سے بھی رجوع کیا جا سکتا ہے۔ واضح رہے کہ مذہبی معلم کے علاوہ دیگر آسامیوں کے لیے بھرتی کے شیڈول میں توسیع کی گئی ہے۔

نیوز نمبر 15

تنصیبات اور اقتصادی مراکز کو نشانہ بنانا بے گناہ انسانی جانوں کے لیے خطرہ ہے۔ ترجمان نے کہا کہ ایسے قابل مذمت حملے علاقائی امن و سلامتی کے لیے سنگین خطرہ ہیں، پاکستان حوثی ملیشیا کے حملے فوری طور پر بند کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔دفتر خارجہ کی جانب سے کہا گیا کہ پاکستان سعودی عرب کی حکومت اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے، پاکستان سعودی عرب کے خودمختاری اور علاقائی سلامت کے دفاع کے حق کی حمایت کرتا ہے۔بیان میں کہا گیا کہ سعودی شہریوں اور مقیم افراد کے تحفظ کے لیے مملکت کے اقدامات کی حمایت کرتے ہیں، پاکستان خطے میں پائیدار امن اور استحکام کے قیام کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ادھر سعودی وزارت خارجہ نے اپنے بیان میں کہا کہ سعودی عرب کو ملکی خودمختاری کے دفاع، قومی اثاثوں کے تحفظ اور ملک بھر میں شہریوں اور رہائشیوں کی سلامتی اور تحفظ یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کرنے کے اپنے مکمل اور جائز حق حاصل ہے۔سعودی عرب نے یہ بھی واضح کیا کہ بین الاقوامی قانون کے مطابق سعودی سرزمین یا قومی اثاثوں کو نشانہ بنانے والا کوئی حملہ برداشت نہیں کیا جائے گا۔سعودی عرب نے عالمی برادری اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے مستقل ارکان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں پوری کریں، سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں پر عمل درآمد کروائیں اور سعودی عرب کے خلاف دہشت گرد حوثی ملیشیا کے گھناؤنے حملوں کی مذمت کریں، اس کے ساتھ ہی اس دہشت گرد ملیشیا سے علاقائی اور عالمی سلامتی کو لاحق خطرے کی بھی مذمت کی جائے۔

نیوز نمبر 16

بیان کے مطابق ملاقات کے دوران صدر میر پور چیمبر نے وفاقی وزیر کو بتایا کہ چیمبر کا قیام 1980 میں عمل میں آیا تھا اور اس وقت میر پور میں فارماسیوٹیکل اور سٹیل سمیت مختلف شعبوں سے وابستہ 115 صنعتی یونٹس فعال طور پر کام کر رہے ہیں۔اس موقع پر پاکستان ریلوے اور میر پور کی صنعتی و کاروباری برادری کے درمیان باہمی تعاون بڑھانے پر گفتگو ہوئی اور صنعتی شعبے کی ضروریات کے مطابق ریلوے کے ذریعے مال برداری اور ٹرانسپورٹ کی سہولیات کو مزید بہتر بنانے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ محمد حنیف عباسی نے صنعتی ترقی اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ملک کی صنعتوں کو معیاری اور تیز رفتار ٹرانسپورٹ سہولیات کی فراہمی کے لیے پاکستان ریلوے کے کردار کو مزید مؤثر بنایا جائے گا۔

نیوز نمبر 17

لیے سنجیدہ اور عملی اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔عارف عزیز شیخ نے کہا کہ پاکستان کی آبادی میں مسلسل اضافے اور انتظامی مسائل کے پیش نظر ملک میں نئے صوبوں کا قیام ناگزیر ہو چکا ہے۔ بڑے صوبوں کا انتظامی ڈھانچہ عوام کی بنیادی ضروریات پوری کرنے میں مشکلات کا باعث بن رہا ہے، جس کے نتیجے میں دور دراز علاقوں کے عوام کو تعلیم، صحت، روزگار اور دیگر بنیادی سہولیات کے حصول کے لیے مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ نئے صوبوں کے قیام سے انتظامی معاملات بہتر بنانے، اختیارات نچلی سطح تک منتقل کرنے اور عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ جنوبی پنجاب اور بالخصوص بہاولپور ڈویژن کے عوام طویل عرصے سے محرومیوں کا شکار ہیں۔ اس خطے کے وسائل یہاں کے عوام کی فلاح و بہبود، ترقیاتی منصوبوں، تعلیم، صحت، زراعت اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے پر خرچ ہونے چاہئیں۔ بہاولپور صوبہ کی بحالی سے نہ صرف مقامی سطح پر انتظامی مسائل حل ہوں گے بلکہ اس خطے کی معاشی اور سماجی ترقی کے نئے راستے بھی کھلیں گے۔ سابق ایم این اے نے ک